# تدریس جاری نہ رکھنے یا فیس واپس لینے کا طریقہ کار

فیس Refund کروانے کے عمل کو پڑھنے سے پہلے ان نکات کا بغور پڑھ لیں تاکہ آپ کو اس پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے کیونکہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں طلبہ کے تعداد لاکھوں میں ہونے کی وجہ سے ان کے مسائل اور مراحل میں وقت لگتا ہے۔ اس لیے ان نکات کو غور سے پڑھ لیں۔

1۔ فیس واپسی کا عمل آپ کی اپنی مرضی پر منحصر ہے اس لیے داخلہ لیتے وقت طلبہ جو سب سے بڑی غلطی کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ وہ ڈگریز کی معلومات مکمل اور تصدیق نہ ہونے کی وجہ سے اچانک فیس جمع کروا دیتے ہیں جو بعد میں ان کو فیصلہ تبدیل کرنے یا فیس واپسی کی شکل میں برداشت کرنا پڑتا ہے اس لیے یہ بخوبی جان لیں کہ۔

- ✓ آپ جس پروگرام میں فیس جمع کروا رہے ہیں اس کے اصول و ضوابط اور محرکات کا آپ کو بخوبی علم ہو۔
- ✓ اپنی تعلیمی قابلیت کو مد نظر رکھتے ہوئے کیا آپ مطلوبہ کلاس یا پروگرام کی کنڈیشنز پر پورا اتر رہے ہیں۔
- ✓ کیا آپ کی سابقہ پاس شدہ ڈگری جس کی بنیاد پر آپ نئے پروگرام میں داخلہ چاہے کسی بھی یونیورسٹی یا تعلیمی ادارے سے لے رہے ہیں اس کا رزلٹ آگیا ہے۔

KASHAAN ACADEMY
WWW.KASHANACADEMYAIOU.COM

✓ کیا آپ پوری دلجمعی سے اس پروگرام میں اپنی تدریس جاری رکھنے پر آمادہ ہیں۔

✓ کیا آپ نے داخلہ لینے سے قبل اسائنمنٹس ،ورکشاپس، آن لائن سرگرمیوں اور امتحانات کے مراحل کے بارے میں پوری معلومات جان لی ہے۔

ان تمام وجوہات کی تصدیق کے بعد اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کسی وجہ سے یا اپنی نجی وجوہات کی بنا پر فیس واپس لینا چاہتے ہیں تو ذیل میں دیے گئے ہوئے لنک سے **Fee Refund Form** ڈاون لوڈ کریں

https://aiou.edu.pk/download.asp فارم ڈاون لوڈ کرنے کے بعد فارم کو پر کریں۔

کاشان اکیڈمی 0334-5504551 Download Free Assignments from Solvedassignmentsaiou.com

# Fee Refund Form

**(FOR STUDENT USE ONLY)** | Refund No. ________

**A. Personal Information** **Date:** ____________________

1. Name of Student________________________ 2. Father Name________________________________
3. CNIC # ________________________________ 4. Postal Address______________________________
_____________________________________________________________________________________
5. Registration #____________________________ 6. Roll # _____________________________________
7. Semester_______________________________ 8. Program____________________________________
9. Fee Deposited Rs_________________________ 10. Deposit Date_________________________________
11. Challan #_______________________________ 12. Bank & Branch Name_________________________
13. Contact # (Optional)______________________ 14. Email(Optional) _____________________________

**B. Refund Claim Information**

| Please state the reason of refund: (✓) | | **C. Attachments** | |
|---|---|---|---|
| (i) Ineligibility of student to apply in particular program | ☐ | (i) Copy of Deposited Challan | ☐ |
| (ii) Admission in other institution | ☐ | (ii) Copy of valid CNIC | ☐ |
| (iii) Student does not wish to continue his/ her study | ☐ | | |
| (iv) Any other reason(s) __________________________ | | | |

By my signature below, I hereby certify that all information provided as a part of this application is true and correct to the best of my knowledge. I understand that a false statement may disqualify me for refund and I may become liable for legal prosecution.

Date: __________________________ Applicant's Signature______________________

**(FOR OFFICE USE ONLY)**

**Reporting Department:** ____________________

Comments:____________________________________________________________________________
_______________________________________________ Recommended/Not Recommended________________

Dealing Official | Incharge/Superintendent | Recommending Authority With Stamp

**Please paste your challan here**

چالان اس خانے میں چسپاں کریں

**General Instructions**

1. *Refund will be made after deduction @15% of total fee in case the student is ineligible for admission and refund will be made after deduction @10% of total fee in case the student do not wish to continue and applied for refund before dispatch of books.*
2. *Fee refund claims will only be made, if the application is submitted within one year after fee deposit date and books were not dispatched to the candidate.*
3. *All kind of other fee including but not limited to degree fee, reappear exams fee, change of name/father name, examiner registration fee, tutor registration fee, workshop centre change, late assignment evaluation fee, analysis fee, rechecking of answer scripts fee, NOC fee, subject/group change fee, tender fee etc. will not be refunded.*
4. *The students who have deposited their fee in excess, complete excess fee will be refunded or adjusted as the case may be.*

**Mailing Address**

**Treasurer Department (Receipts Section), Block#4, Room#3, AIOU, H-8, Islamabad (fee@aiou.edu.pk)**

2۔ فیس واپسی کے درجہ A کے اندر سب سے پہلے تاریخ جس پر آپ فارم بھیج رہے ہیں ،اس کے بعد اپنا نام،والد کا نام،اپنا شناختی کارڈ نمبر،اپنا دیا گیا پتہ یا جس ایڈریس پر آپ اپنا فیس واپسی کا چیک منگوانا چاہتے ہیں،رجسٹریشن نمبر،رول نمبر،سمسٹر کونسا ہے،(یہاں پر آپ نے بہار یا خزاں سال جو بھی ہے لکھنا ہے)پروگرام یعنی جس کلاس میں داخلہ لیا،فیس جو آپ نے جمع کروائی اس کی تاریخ،کس بنک یا کس ذریعہ سے جمع کروائی متحرک رابطہ نمبر،ای میل اگر ہے تو۔اس کے بعد آپشن بھی کے اندر آپ نے فیس واپس کروانے کی وجہ کو کلک کرنا ہے۔اس کے بعد طالب علم بائیں ہاتھ پر تاریخ اور دائیں ہاتھ کے نیچے اپنا زیر دستخطی کرے گا۔

3۔ یاد رکھیں دستخط آپ نے وہی کرنے ہیں جو آپ نے فارم پر کرتے وقت کیے تھے وگرنہ آپ کی درخواست کو جعل سازی کے زمرے میں شمار کیا جائے گا وہی دستخط ہونے کا مطلب و مقصد آپ ہی وہ شخص یا امیدوار ہیں جس نے فیس واپسی کی درخواست دی ہے بصورت دیگر آپ کی درخواست پر عمل نہیں کیا جائے گا۔

4۔ For office use only کو آپ نے نہیں چھیڑنا یہ یونیورسٹی کے دفتری استعمال کے لیے ہے

کاشان اکیڈمی 0334-5504551 Download Free Assignments from solvedassignmentsaiou.com

5۔ اس کے بعد اپنا داخلہ کا چالان اس فارم کے اوپر چسپاں کریں لیکن ایک یا دو فوٹو کاپیاں اس چالان فارم کی اپنے پاس بھی محفوظ کر لیں۔

6۔ سب سے آخر میں اعتراضات پر قواعد وضع کی گئے ہیں سب پہلے شرط یہ فارم اس وقت سے پہلے پہلے قبول کیا جائے گا جب تک آپ کی کتابیں آپ کو ارسال نہ کر دی جائے اس کے بعد آپ فیس واپس کرنے کے مجاز نہیں ہے۔

7۔ اگر طالب علم مطلوبہ پروگرام میں نا اہل ہے یا میرٹ پر پورا نہیں اتر رہا تو اس کی فیس کا جو اس نے جمع کروائی 15 فیصد اور اگر کوئی طالب علم کسی وجہ سے اپنی تدریس جاری نہیں رکھنا چاہتا تو پوری فیس کا 10 فیصد منہا کر کے واپس کی جائے گی۔

8۔ اگر کسی طالب علم نے کسی وجہ سے اپنی فیس مطلوبہ پروگرام میں زیادہ جمع کروا دی ہے تو اس کی فیس واپس بھی ہو سکتی ہے اور یہ بھی وہ سکتا ہے کہ اس کی فیس اگلے پروگرام میں ضم کر دی جائے ۔ Fee Adjustment کا فارم اور طریقہ کار بھی اسی عمل کے تحت جاری کیا جائے گا۔

9۔ فیس واپسی کا عمل 3 سے 6 ماہ ہو سکتا ہے تاخیر کی صورت میں پریشان نہ ہو پراسیس پر عمل درآمد میں دیر ہو جاتی ہے۔

کاشان اکیڈمی
Download Free Assignments from
Solvedassignmentsaiou.com

آن لائن فیس واپسی کا مرحلہ کافی تاخیر سے ہوتا ہے براہ راست یونیورسٹی کے نمبرز پر رابطہ کرنے کے لیے کاشان اکیڈمی کی ویب سائٹ پر **University Contact** والے پیج کا وزٹ کر کے مطلوبہ ڈیپارٹمنٹ کا نمبر حاصل کریں۔

10۔ فیس واپسی کا عمل مکمل ہو جانے اور آپ کو یونیورسٹی کے طرف سے چیک مل جانے پر مطلوبہ بنک میں جائیں اور اپنی شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ بنک جا کر وہی دستخط جو آپ نے فارم پر کیے اور شناختی کارڈ کے اورپ ہیں چیک کی پشت پر کر کے اپنا چیک کیش کروالیں۔

کاشان اکیڈمی
0334-5504551
Download Free Assignments from
Solvedassignmentsaiou.com